پریس ریلیز

گوجرانوالہ 15 جنوری 2024ء

وزیراعلی محسن نقوی نے کہا کہ دیگر شہروں کی طرح گوجرانوالہ میں بھی بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کا افتتاح کر دیا گیا ہے ان سنٹرز کی مدد سے بے شمار کاروباری مسائل ایک ہی چھت تلے ہونگے۔ بزنس کمیونٹی کو ان سنٹرز 124 قسم کے این او سیز فراہم کئے جا رہے ہیں جبکہ ان میں 24 صوبائی اور 2 وفاقی ادارے بھی سروسز فراہم کریں گے۔ انشاءاللہ ان سنٹرز کی مدد سے بزنس کمیونٹی کو دوررس نتائج ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے تمام این او سیز 14 دن کے اندر بزنس فیسلیٹیشن سنٹر ہی فراہم کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ میں بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جبکہ اس موقع پر صدر گوجرانوالہ ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب)، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، نائب صدر عادل ندیم، سابق صدور شیخ محمد نسیم، اخلاق احمد بٹ، خواجہ ضرار کلیم، نواز احمد باجوہ، رانا شہزاد حفیظ، نعمان صلاح الدین، عمر اشرف مغل، نعمان صلاح الدین، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل، سابق نائب صدور ملک امین ناز، اظہر اسلم، رکن چیمبر علی ہمایوں بٹ اس کے علاوہ صوبائی وزراء جن میں ایس ایم تنویر، منصور قادر، ڈاکٹر جاوید اکرم، سید اظفر علی ناصر، عامر میر، ابراہیم مراد، بلال افضل، ڈاکٹر جمال ناصر، وزیراعلیٰ کے مشیر کنور محمد دلشاد، وہاب ریاض، چیف سیکریٹری پنجاب زاہد اختر زمان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب احمد رضا سرور، چیئرمین پی اینڈ ڈی لیفٹیننٹ (ر) افتخار ساہو، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ہوم ڈیپارٹمنٹ شکیل احمد میاں، آئی جی پی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، سیکریٹری سی اینڈ ڈبلیو لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف، سیکریٹری انڈسٹریز احسان بھٹہ، کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل، سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم، ایم ڈی پسک کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

نگران وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی نے مزید کہا کہ 31 جنوری تک گوجرانوالہ ایکسپریس وے ٹریفک کیلئے کھول دی جائے گی۔ جی ٹی روڈ پر فلائی اوور بنایا جائے گا، چندا قلعہ کا فلائی اوور ڈیزائن فائنل کرنے کیلئے کمیٹی بنا دی گئی ہے۔ جبکہ چن دا قلعہ سے پہلے آنے والے برج کو سگنل فری بنانے کیلئے کمشنر گوجرانوالہ کو ہدایت کر دی ہے۔ نیز گوجرانوالہ یونیورسٹی پر کام چل رہا ہے، ہسپتال بھی اپ گریڈ ہو رہے ہیں۔ برن یونٹ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، جلد تیار ہو جائے گا۔ عوام کو منصوبوں کی اونرشپ لینی ہوگی جس سے پراجیکٹس جاری رہیں گے۔ گوجرانوالہ میں پارک اور سٹیڈیم بنانے کے حوالے سے آئندہ چند روز میں فیصلہ کرلیں گے۔